پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ : www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ : www.rbi.org.in

ای میل : helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001

فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358


14 اکتوبر 2019

# ریزروبینک آف انڈیا نے ''سنڈیکیٹ بینک'' پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک نے اپنے 14 اکتوبر 2019 کے آرڈر سے ''سنڈیکیٹ بینک (بینک) پر پچھتر لاکھ روپیہ (Rs.75,00,000) کا مالیاتی جرمانہ آر بی آئی کی دھوکہ دھڑی کی درجہ بندی اور رپورٹنگ و (ii) ہاؤسنگ سیکٹر سے متعلق ہاؤسنگ لون پروڈکٹ، اور ہاؤسنگ لون کی تقسیم پر جاری ہدایات کی عدم تعمیل کی وجہ سے عائد کیا ہے۔ یہ جرمانہ ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(I)(C) کے پراویزن جن کو سیکشن (i)(4)46 اور سیکشن (I)51 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے خلاف آر بی آئی کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

یہ کارروائی ریگولیٹری تعمیل میں کمی کی بنیاد پر کی گئی ہے۔ اس کا مقصد بینک اور صارفین کے مابین ٹرانزیکشن سے متعلق سمجھوتہ کی ویلیڈٹی پر انگلی اُٹھانا نہیں ہے۔

پس منظر:

اس بینک نے ریزروبینک کو فراڈ سے متعلق پیش کیئے گئے ریٹرن سے یہ انکشاف ہوا کہ ''فراڈ رپورٹنگ اور ہاؤسنگ لون کی تقسیم پر جاری آر بی آئی کی ہدایات کے پراویزن پر عمل نہیں کیا ہے۔ اس بنیاد پر بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا کہ کیوں نا اس بینک پر آر بی آئی کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے جرمانہ عائد کر دیا جائے۔ اس بینک کے ذریعہ داخل جواب اور ذاتی ساعت پر کی گئی وضاحت پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ آر بی آئی کی ہدایات پر عمل نہ کرنے کا معاملہ ثابت ہوگیا ہے۔ لہٰذا اس پر مالیاتی جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

یوگیش دیال

چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2019-2020/941